سفر سے متعلق دعائیں

قرآن اور سُنت کی روشنی میں

سفر سے متعلق دعائیں



سفر پر جاتے وقت اور واپسی کی دعا

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ط وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِی الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَهْلِ

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اسے (سواری کو) ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اسے قابو میں کر لینے والے نہیں تھے، اور یقیناً ہم اپنے رب ہی کی طرف واپس جانے والے ہیں، اے اللہ! ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی، تقوی اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جسے تو پسند فرمائے، اے اللہ! ہم پر ہمارا یہ سفر آسان کر دے اور اس کی لمبی مسافت ہم سے لپیٹ دے، اے اللہ! اس سفر میں تو ہی (ہمارا) ساتھی ہے اور (تو ہی ہمارا) جانشین ہے گھر والوں میں، اے اللہ! میں سفر کی مشقت، (اس کے) تکلیف دہ منظر اور مال اور گھر والوں میں بری تبدیلی سے تیری پناہ میں آتا ہوں

رسول اللہ ﷺ سفر سے واپسی پر بھی یہی الفاظ کہتے اور اس میں اس کا اضافہ کرتے:

اٰئِبُوْنَ، تَآئِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

(ہم) واپس لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے اور اپنے رب ہی کی تعریف کرنے والے ہیں (صحیح مسلم:3275)

سفر سے متعلق دعائیں



سواری پر بیٹھنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ط وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

اللہ تعالی کے نام سے، ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کیلئے ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اسے (سواری کو) ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اسے قابو میں کر لینے والے نہیں تھے، اور بے شک ہم اپنے رب ہی کی طرف واپس آنے والے ہیں، سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے، سب تعریف اللہ ہی کیلئے ہے، سب تعریف اللہ ہی کیلئے ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اے اللہ! تو پاک ہے! یقیناً میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے، پس تو مجھے معاف فرما دے، بے شک تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا

امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ جب سواری پر بیٹھے اور یہ دعا پڑھی تو مسکرائے، جب ان سے مسکرانے کی وجہ پوچھی گئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے دیکھا تو جب میں نے مسکرانے کی وجہ پوچھی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا رب اپنے بندے سے خوش ہوتا ہے جب وہ کہتا ہے: میرے گناہوں کو بخش دے وہ جانتا ہے کہ گناہوں کو میرے علاوہ کوئی نہیں بخش سکتا ہے

(سنن ابی داود: 2602، سنن الترمذی: 3446 علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح کہا)



UrduDawahClips IslamicUrduGraphics

سفر سے متعلق دعائیں



مقیم کی مسافر کیلئے دعائیں

زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ

اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زاد راہ عطا فرمائے، تیرے گناہ بخش دے اور تو جہاں بھی ہو تیرے لئے نیکی آسان کرے

رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو بطور زاد سفر یہ دعا عطا فرمائی

(سنن الترمذی:3444 اسنادہ حسن)

أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ

میں تیرا دین اور تیری امانت اور تیرا خاتمہ اعمال اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں

رسول اللہ ﷺ جب کوئی لشکر روانہ فرماتے تو جانے والے کیلئے اس طرح دعا کرتے

(سنن الترمذی:3442، سنن ابن ماجہ:2826 اسنادہ حسن)



مسافر کی مقیم کیلئے دعا

أَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا تَضِيْعُ وَدَائِعُهُ

میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں، جسے سپرد کی ہوئی چیزیں ضائع نہیں ہوتی ہیں

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے رخصت کیا تو یہ دعا فرمائی

(سنن ابن ماجہ:2825 اسنادہ صحیح)

سفر سے متعلق دعائیں



سفر سے واپسی کی دعا

رسول اللہ ﷺ کسی جنگ یا حج سے واپس تشریف لاتے تو ہر بلند جگہ پر تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے، پھر یہ دعا پڑھتے:

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اٰئِبُوْنَ، تَآئِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کیلئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، ہم واپس آنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں اور اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں، اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اور اس نے اپنے بندے کی مدد کی، اور اس نے اکیلئے ہی لشکروں کو شکست سے دوچار کر دیا

(صحیح بخاری: 6385، صحیح مسلم: 3278)



UrduDawahClips IslamicUrduGraphics

سفر سے متعلق دعائیں



مسافر جب صبح کرے تو اس کی دعا

ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی سفر میں ہوتے اور سحر کے وقت اٹھتے تو فرماتے:

سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللهِ وَحُسْنِ بَلَآئِهِ عَلَيْنَا بِاللهِ
رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَآئِذًا مِنَ النَّارِ

سننے والے نے اللہ کی تعریف سنی اور ہم پر اس کی اچھی نعمتوں کو اے ہمارے رب ہمارا ساتھی بن جا، اور ہم پر فضل فرمانا، آگ سے اللہ کی پناہ میں آتے ہوئے

(صحیح مسلم:6900)

سفر کے دوران تکبیر و تسبیح کرنا

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم اونچی جگہ پر چڑھتے تو اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتے اور جب نیچے اترے تو سُبْحَانَ اللّٰهِ کہتے

(صحیح بخاری : 2993)

سفر سے متعلق دعائیں

حصن المسلم

سفر میں یا سفر کے علاوہ کسی جگہ ٹھہرنے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جو کسی منزل میں اترے پھر یہ کہے تو اس کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی یہاں تک کہ وہ کوچ کرے اس منزل سے

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ اس کی مخلوق کے شر سے پناہ چاہتا ہوں

(صحیح مسلم: 6878)

درج ذیل کتب سے استفادہ لیا گیا ہے:

حصن المسلم، طباعت: مکتبہ دار السّلام

حصن المسلم، تالیف: سعید القحطانی، ترجمہ: محمد اختر صدیق، تحقیق تخریج و تصحیح: حافظ ندیم ظہیر، نظر ثانی: حافظ زبیر علی زئی، طباعت: مکتبہ اسلامیہ

یا رب! اس عمل کو ہمارے اور ہمارے والدین کیلئے صدقہ جاریہ بنا!